Ministry of Poverty Alleviation and Social Safety
Government of Pakistan

بلاسُودقرضے

PPAF
پی پی اے ایف

بریفنگ نوٹ

Launch of National Poverty Graduation Initiative (NPGI)

غربت سے خوشحالی کا سفر

اثاثہ جات، بلاسود قرضوں کی فراہمی اور ہنرسازی کا جامع پروگرام
۵ جولائی ۲۰۱۹

NPGI حکومتِ پاکستان، جس کا مقصد ملک بھر میں محروم غریب گھرانوں کو غربت سے نکالنا اور معاشی و سماجی خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا ہے۔

NPGI کے تین حصے ہیں:

ا۔ اثاثہ جات کی تقسیم، ۲۔ بلاسود قرضوں کی فراہمی ، ۳۔ اثاثہ جات کے موثر استعمال کے لئے ہنرسازی

NPGI کا مقصد محروم طبقات سے تعلق رکھنے والے گھرانوں کا زکوۃ، بیت المال اور بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام پر انحصار ختم کر کے انہیں معاشی دھارے میں شامل کرنا اور خود مختار بنانا ہے۔ اس پروگرام میں حکومت پاکستان کو ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) اور آئی ایف اے ڈی (IFAD - International Fund for Agricultural Development) کی معاونت حاصل ہے۔ NPGI کی کل لاگت **42.65** ارب روپے ہے۔

	لاگت (ارب)	منظوری کا سال
NATIONAL POVERTY GRADUATION INITIATIVE		
آئی ایف اے ڈی **(IFAD - International Fund for Agricultural Development)** کی فنڈنگ اور پی پی ای ایف کا گریجویشن پروگرام (جو وفاقی حکومت سے منظور شدہ ہے)	13.00	2019 – 20
ایشین ڈویلپمنٹ بینک (ADB) کی مالی معاونت سے بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام کا گریجویشن پروگرام (جو وفاقی حکومت سے منظور شدہ ہے)	6.30	2018 – 19
وفاقی حکومت، خیبر پختونخواہ اور پنجاب کی صوبائی حکومتوں کی جانب سے بلاسود قرضے	23.35	وفاقی حکومت کی 5 ارب کی معاشی معاونت
کل لاگت	**42.65**	

NPGI پر عملدرآمد کی انتظام کاری

NPGI پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ اور بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے چلایا جائے گا۔ **NPGI** پر **40** شراکتی اداروں کی مدد سے عملدرآمد کیا جائے گا جن میں رورل سپورٹ پروگرامز اور اخوت شامل ہیں۔

Ministry of Poverty Alleviation and Social Safety
Government of Pakistan

بلاسُود قرضے

PPAF پی پی اے ایف

NPGI کا ہدف، انتخاب اور ثمرات

NPGI کا 100 اضلاع میں نفاذ کیا جا رہا ہے۔ جس سے 16.28 ملین لوگ مستفید ہوں گے جن میں 50% خواتین شامل ہیں۔ اس پروگرام میں پسماندہ اضلاع کے نوجوان، معذور افراد، اقلیتیں، خواجہ سرا افراد اور محروم طبقوں کو شامل کیا گیا ہے۔ مستفید ہونے والے افراد کا انتخاب حکومت اور مالی معاونت کرنے والے اداروں سے تصدیق شدہ ہے۔

NPGI کے اجزاء

ا۔ اثاثہ جات کی تقسیم

NPGI کے تحت 225,000 غریب افراد میں اثاثوں کی تقسیم ہوگی۔ اس کے علاوہ انہیں کامیاب کاروبار چلانے کے لئے فنی و کاروباری تربیت بھی دی جائے گی۔ ہر شخص کو اوسطاً 50,000 روپے مالیت کے اثاثہ جات فراہم کئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ وہ بلاسود قرضے بھی حاصل کر سکیں گے۔ ان اثاثہ جات سے 1.45 ملین[1] لوگ مستفید ہوں گے۔ مستحق افراد کا انتخاب شراکتی اداروں کے ذریعے غربت کی درجہ بندی (پاورٹی سکور کارڈ) کے مطابق کیا جائے گا۔

۲۔ بلاسود قرضوں کی فراہمی

NPGI کا اہم جزو بلاسود قرضوں کی فراہمی ہے۔ جولائی 2019 سے ہر ماہ 80,000 بلاسود قرضے فراہم کئے جائیں گے۔ یہ قرضے 20,000 سے 75,000 روپے کی مالیت کے ہوں گے۔ NPGI کے تحت 4 سالوں میں 3.8 ملین بلاسود قرضے تقسیم کئے جائیں گے۔ ان قرضوں سے 2.28 ملین گھرانے اور 14.7 ملین[2] افراد مستفید ہوں گے۔ بلاسود قرضے موجودہ 1,110 قرضہ جات کے مراکز سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ نئے مراکز بھی قائم کئے جا رہے ہیں جن کی معلومات جلد ہی پاورٹی ایلیویئشن اور سوشل سیفٹی ڈویژن کی ویب سائٹ پر دستیاب ہونگی۔ اس دوران قرضہ جات کے مراکز اور قرضہ حاصل کرنے کے لئے اہلیت کے بارے میں معلومات پی پی اے ایف کی ویب سائٹ سے حاصل کی جا سکتی ہیں (www.ppaf.org.pk/NPGI.html) ۔

۳۔ فنی و تکنیکی تربیت کی فراہمی

اثاثہ جات اور بلاسود قرضے حاصل کرنے والے افراد کو فنی و تکنیکی تربیت دی جائے گی۔ پائیدار ذرائع معاش اور کاروباری ترقی کے لئے ضرورت کے مطابق کاروباری تربیت کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ 20,000 نوجوانوں کو بھی خصوصی پیشہ ورانہ تربیت دی جائے گی تا کہ وہ اپنے کاروبار میں جدت لا سکیں۔ اس تربیت سے 129,000 افراد مستفید ہوں گے۔[3] فنی تربیت کا اہتمام NAVTTC کرے گا اور سرٹیفیکیٹ جاری کرے گا۔

---

[1] 225,000 households x 6.45 persons *(average household size is 6.45 persons)*
[2] 2.28 million households x 6.45 persons *(average household size is 6.45 persons)*
[3] 20,000 households x 6.45 persons *(average household size is 6.45 persons)*